﴿کارزارِ عشق﴾

کربلا کارزارِ عشق ھے، آں امام عاشقاں پور بتول،

وہ(امام حسین علیہ السلام) عاشقوں کے امام ھیں جو فرزندِ بتول سلام اللہ علیہا ھیں،

کربلا عشاق کی آماجگاہ ھے

آں شنیدستی کہ ہنگام نبرد   عشق با عقل ہوس پرور چہ کرد

آں امام عاشقاں پورِ بتول   سروِ آزادے زبُستان رسول

(علامہ محمد اقبالؒ، رموزِ بیخودی)

ترجمہ و تشریح: کیا تو نے وہ واقعہ سنا کہ جب جنگ ہو رہی تھی تو لڑائی کے وقت عشق نے ہوس پرور عقل کے ساتھ کیا سلوک کیا (یہاں لڑائی سے مراد معرکہ کربلا ہے، جس میں عشق کے سپہ سالار امام حسین علیہ السلام ہیں اور ہوس پرور عقل یزید اور اس کے حمایتی ہیں)۔ وہ (حسین علیہ السلام) عاشقوں کے امام ہیں اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باغ میں سروِ آزاد کی مانند ہیں۔

سید فدا حسین شاہ

﴿کارزارِ عشق﴾

مؤلف: سید فدا حسین شاہ

پروف ریڈنگ: فاطمہ علی، شمزانہ عمر

پروف ریڈنگ: سید عامر علی، سید ابرار بخاری

نظرثانی: ڈاکٹر امجد حسن، سید سعادت حسین

کمپوزنگ/ ڈیزائننگ: وقار عظیم

پیشکش: صاحبزادہ سید حضرت شاہ

ناشر و طابع: حسینیہ امانیہ پبلیکیشنز، سید آباد شریف، کوٹ نجیب اللہ، ہری پور

اشاعت: بار اوّل، دسمبر 2018

تعداد: 1000

علاوہ ازیں یہ کتاب '' کارزارِ عشق '' مؤلف کے نام کے ساتھ Google پر بھی دستیاب ہے

رشتہ آئینِ حق زنجیر پا است
پاس فرمان جناب مصطفیٰ است
ورنہ گِرد تُربتش گردیدمے
سجدہ ہا بر خاک او پاشیدمے

(علامہ محمد اقبالؒ، رموزِ بیخودی)

ترجمہ و تشریح: اللہ کا آئین میرے پاؤں کی زنجیر بنا ہوا ہے اور محمدِ مصطفیٰ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے فرمان کا مجھے لحاظ ہے۔یعنی اللہ کے آئین قرآن اور فرمانِ مصطفیٰ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** (حدیث) نے مجھے اس بات سے روک رکھا ہے۔قبر کو سجدہ کرنا یا اس کا طواف کرنا شریعتِ محمدی میں منع ہے ورنہ میرے اندر عشق کا ایسا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے کہ اگر ذراسی بھی اس بات کی اجازت ہوتی تو (اے فاطمہ **سلام اللہ علیہا**!) میں ہر وقت آپ کی قبر اطہر کا طواف کرتا اور اس خاکِ پاک پر سجدوں کے سجدے نچھاور کرتا۔

فہرست مضامین

نعت شریف، تضمین کلامِ نصیر الدین نصیرؔ:

اک میں ہی نہیں اس پر قربان زمانہ ہے

سو بار قلم سر کو سجدے میں جھکانا ہے
تب نعت کا اک مصرع لب پر تجھے لانا ہے
محفل میں یہی تجھ کو کہتے ہوئے آنا ہے
"اک میں ہی نہیں اس پر قربان زمانہ ہے
جو ربِ دو عالم کا محبوب یگانہ ہے"

شہنائی شفاعت کی پہلے تو بجانا ہے
دریائے کرم رب کا پھر جوش میں لانا ہے
ہر حال میں دوزخ سے امت کو بچانا ہے
"کل جس نے ہمیں پل سے خود پار لگانا ہے
زہرا کا وہ بابا ہے سبطین کا نانا ہے"

دنیا کی ہر اک رنگیں خواہش کو میں دھتکاروں
جو اس کو پسند آئے اس روپ کو میں دھاروں
جیتی ہوئی ہر بازی وہ چاہے تو میں ہاروں
"اس ہاشمی دولہا پر کونین کو میں واروں
جو حسن و شمائل میں یکتائے زمانہ ہے"

پڑھتے ہی حروفوں کی پھیلی ہوئی ابجد پر
تھم جائے نظر فوراً بس میمِ مشدد پر
پہنچے نہ جہاں کوئی پہنچے ہیں وہ اس حد پر
"عزت سے نہ مر جائیں کیوں نامِ محمد ﷺ پر
ہم نے کسی دن یوں بھی دنیا سے تو جانا ہے"

﴿کارزارِ عشق﴾

از آدم و تا عیسیٰ آیا ہے جو پیغمبر
دریائے نبوت کا تابندہ ہر اک گوہر
اے ماہِ عرب بولا وہ تیری قسم کھا کر
"عزت سے نہ مر جائیں کیوں نامِ محمد ﷺ پر
ہم نے کسی دن یوں بھی دنیا سے تو جانا ہے"

خالق نے بنائے ہیں جو پانچ مقدس تن
ان سے ہی سخاوت کا آباد ہے یہ گلشن
پانچوں نے بھرا خالی ہر ایک یہاں برتن
"آؤ درِ زہرا پر پھیلائے ہوئے دامن
ہے نسل کریموں کی لجپال گھرانہ ہے"

جس دن سے بنا ان کے لشکر کا سپاہی میں
پائی یوں اماں چشمِ محبوبِ الٰہی میں
پرؔویز ہو مئے جیسے محفوظ صراحی میں
"ہوں شاہِ مدینہ کی میں پشت پناہی میں
کیا اس کی مجھے پرواہ دشمن جو زمانہ ہے"

ہے وقتِ کرم آقا ہو چشمِ کرم مجھ پر
کافی ہے بس اک موجِ دریائے کرم پرور
امید لگی ہے بس اک آپ سے لے دے کر
"محرومِ کرم اس کو رکھیے نہ سرِ محشر
جیسا ہے نصیرؔ آخر سائل تو پرانا ہے"

(تضمین نگار: پرؔویز اشرفی احمد آبادی)

﴿کارزارِ عشق﴾

پیش لفظ:

تفکر جذبات کے سمندر میں تلاطم خیزی کرتا ہے اور انسانی تخیل میں انقلاب لاتا ہے۔ سینے میں چھپے محبت واخلاص سے بھرپور پاکیزہ جذبات اور احساسات کو حدت آمیز کرتا ہے۔ پھر جب یہ تخیل قلم سے قرطاس پر اور دہن سے زبان پر آتا ہے تو قاری اور سامع کے قلب وروح کو متاثر کیے بغیر نہیں رہتا۔ انسان میں ایک انقلاب لاتا ہے اور اسے عشق کی آگ سے روشناس کراتا ہے۔ عشق کی آگ کا الاؤ جوں جوں بلند ہوتا ہے، معرفتِ الٰہی کا سرور حاصل ہوتا ہے۔ میرے دوست! میری یہ بات سن اور اسے اپنے دل میں بٹھا کہ سمندر میں غوطہ زن ہو کر ہی گوہر تک رسائی ممکن ہے۔ کیوں کہ موتی سیپ کے حصار میں سمندر کی گہرائیوں میں ہی پنہاں ہیں۔ جب تک سمندر سے دور رہو گے، خوفزدہ رہو گے۔ سمندر میں غوطہ زن ہو کر جب لطف اندوزی کا مرحلہ طے کر لو گے تو سمندر کی خوبصورتی، گہرائی اور اہمیت سے آشنا ہو گے۔

کائنات کی بنیاد عشق پر استوار ہوئی، صاحبِ لولاک پر لاکھوں سلام، ''لولاک لما خلقت الافلاک'' میں عشق ہی کی خوشبو ہے، عشق الٰہی ہو یا عشقِ رسول **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**، عشقِ آلِ عبا ہو یا عشقِ صالحین، عاشق معشوق کے ذکر وفکر میں مگن رہتا ہے۔ عشق وہ جذبہ ہے، جو فرہاد سے نہر کھدوا ڈالتا ہے، عشق حسین بن منصور الحاج سے دار پر بھی صدا لگواتا ہے، عشق قیس عامری کو لیلیٰ کا گرویدہ بنا دیتا ہے، عشق ذلیخا کو یوسف کا طلبگار بنا دیتا ہے، عشق کی مے سے سرشار حسین ابنِ علی **علیہما السلام** اپنے مالک کے حضور اپنے بچوں اور رفقاء کی قربانیاں پیش کرتے ہیں۔ عشق ابوطالب **رضی اللہ عنہ** سے ہنستے بستے گھروں کو چھڑوا کر شعب ابی طالب لے جاتا ہے۔ عشق سرِّ دار بھی معشوق کا نام لینا ہے۔

کسی زخمی ہرن کی آہ وبکاہ میرے درد، نالہ وشیون سے ہرگز زیادہ نہیں۔ یہ چند الفاظ کوئی غزل تو نہیں مگر کسی غزل میں پنہاں کرب سے کم بھی نہیں

﴿کارزارِ عشق﴾

خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اشعار میں فرمایا: کہ اے دل! اگر تو غموں سے نجات چاہتا ہے تو محبوب کا غم اپنے اندر بسا لے، کیوں کہ جو دل عشق کے غم میں مبتلا ہو جاتا ہے، وہ باقی سب غموں سے آزاد ہو جاتا ہے۔

خواجہ صاحب کے ان اشعار کے ساتھ میری دعا اپنی آل اولاد اور آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ یہی رہی ہے کہ: اے مالک و مولا، میری ذریت کو غمِ حسین علیہ السلام کی دولت سے مالا مال رکھنا اور ہر نئی آنے والی نسل میں عشقِ حسین علیہ السلام کی اس آگ کو تیز تر رکھنا تا صبحِ قیامت، دنیا اور آخرت کی رسوائی سے بچانا، خاتمہ بالخیر ہو اور اپنی رضا سے ہمیشہ ہمکنار رکھنا۔ آمین

اس ماں کے درد کو کون جانے جس کا ۳ سالہ بچہ کڑکتی دھوپ میں عین دوپہر کے وقت گلی میں نکل جائے اور اس کی نظروں سے غائب ہو جائے۔ کون ہے جو اس درد کا کما حقہٗ اندازہ کر سکے۔

یہ عشق ہے جو مجھے اہلِ بیت کے مناقب کے بحرِ بیکراں میں غوطہ زن کراتا ہے، پھر کچھ موتی میرے ہاتھ لگتے ہیں، جنھیں میں عشاق کے سامنے پیش کر دیتا ہوں اور اس کی روشنی سے عشاق کے قلوب و ارواح منور ہو جاتے ہیں۔

عشق وہ جذبہ ہے جس کا آغاز قلب و روح سے تعصب، نفرت، بغض اور عداوت کے بیج تلف ہونے کے ساتھ ہوتا ہے، پھر مہر و الفت کا بیج جنم لیتا ہے جس سے پیار کی کونپلیں پھوٹتی ہیں اور محبت و اخلاص کے غنچے جب اپنے جوبن پر آتے ہیں تو فضا میں ہر طرف سرور و رعنائی بکھیر دیتے ہیں۔ یہ کارزارِ عشق ہے جو ان لطیف جذبوں کو نہ صرف سمجھنے میں مدد دیتا ہے بلکہ اسے سرور و رعنائی سے بہرہ مند کر کے روح کو ایسا لطیف کر دیتا ہے کہ انسان فنا فی اللہ کے مقام پر پہنچ جاتا ہے۔ سالک کی روح اس خوشبو سے معطر ہوتی ہے تو دیگر نفوس کے قلوب و ارواح کو منور کیے بغیر نہیں رہتی۔

﴿ کارزارِ عشق ﴾

سرورِ کونین **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: ''تم اسی کے ساتھ محشور ہو گے جس کے ساتھ تمھاری محبت ہو گی''

اے اللہ ہمیں اپنے حبیب **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**، ان کے گھرانے اور ان کے چاہنے والوں کے ساتھ محشور فرما، آمین

صحیح بخاری کی حدیث ''اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ''، تم اسی کے ساتھ ہو گے جس سے تم محبت رکھتے ہو، میں اسی کا بیان ہے

سلسلۃ الذھب کی وہ کڑیاں جن سے نبی پاک **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا وجودِ مسعود (آدم **علیہ السلام** تا عبد اللہ **رضی اللہ عنہ**، حوا **سلام اللہ علیہا** تا آمنہ **سلام اللہ علیہا**) منتقل ہوتا ہوا آیا، ان تمام آباء اور امہات کا ذکرِ جمیل بھی سفرِ عشق کی منازل ہیں، جن کو جاننے، سننے، سمجھنے اور بیان کیے بغیر دعویٰ عشق مکمل نہیں ہوتا۔

سیرت ابنِ ہشام میں جنابِ ابو طالب **رضی اللہ عنہ** کا یہ شعر موجود ہے

لِعَمْرِیْ لَقَدْ کَلِفْتَ وَجَدًا بِاَحْمَدِ وَ اَخَوَاتِہٖ دَأْبَ الْمُحِبِّ الْمَوَاصِلِ

اپنی عمر کی قسم، جس طرح دائمی محبت کرنے والوں کی حالت ہوتی ہے، میں بھی احمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اور ان کے بھائیوں کے عشق میں مبتلا کیا گیا ہوں

جنابِ ابو طالب **رضی اللہ عنہ** نے قصیدہ لامیہ میں نصرتِ رسول **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا اظہار ایمان افروز اشعار میں کیا ہے، جن میں سے درج ذیل شعر سے ان کے عزمِ صمیم کو محسوس کیا جا سکتا ہے

وَ نُسْلِمُہٗ حَتّٰی نُصَرَّعَ حَوْلَہٗ وَ نُذْھَلَ عَنْ اَبْنَاءِ نَا وَالْحَلَائِلِ

اور ہم اسے تمہارے حوالے کر دیں گے، اس سے پیشتر کہ ہمارے لاشے اس (محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**) کے ارد گرد خاک آلود پڑے ہوں اور ہم اپنے بچوں اور اپنی بیویوں کو بھی فراموش کر چکے

ہوں۔

سیدہ فاطمہ **سلام اللہ علیہا** نے نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے ارتحال کے بعد ان کے ہجر میں جو اشعار کہے ان میں سے ایک یوں ہے:

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِب" لَوْ اَنَّهَا　　صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

(حضور **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی جدائی میں) وہ مصیبتیں مجھ پر ٹوٹی ہیں، یہ مصیبتیں دنوں پر ٹوٹتیں تو دن راتوں میں تبدیل ہو جاتے

خالق ارض و سماء کا کروڑ ہا شکر ہے کہ جس نے مجھ سراپا تقصیر و خطا کو اپنے بیش بہا کرم سے نوازا۔ میرے دل میں میری روح میں شہزادۂ بتول امام حسین **علیہ السلام** کی مودت ودیعت کی۔ جس نے مجھے حوصلہ اور الفاظ القا کیے، جس سے اس مودت کے اظہار کے ساتھ ساتھ کچھ گم گشتہ راہ اور حق کے متلاشی نفوس کو روشنی بھی عطا ہوئی۔ عزت تو وہی جو مالک عطا کر دے، شہرت کی کبھی تمنا ہی نہ تھی لیکن مالک و مولا نے ہر نعمت سے نواز دیا، کسی چیز کی حسرت اور کمی نہ رہی۔ بس ایک خواہش باقی رہ گئی کہ سیدہ کائنات کی عظیم بیٹی آقا زادی سیدہ زینب **سلام اللہ علیہا** کے روضے پر حاضری نصیب ہو اور انشاءاللہ یہ سعادت بھی مالک کے خزانوں سے مل جائے گی۔

۱۵ فروری 2018 صبح ۸ بجے میرے موبائل پر میرے میٹرک کے استاد پی ٹی آئی ماسٹر خورشید صاحب کی کال آئی اور بہت خوشی اور مسرت سے انھوں نے مبارک باد پیش کی کہ جسٹس (ر) نذیر احمد غازی صاحب نے ۹۲ چینل پر ۷ سے ۸ بجے کے درمیان نشر ہونے والے اپنے پروگرام صبح نور میں میری کتاب ''نور کربلا اور اقبال'' پر اپنا تبصرہ پیش کیا اور میری کاوش کو سراہا۔ اللہ کا شکر ہے کہ جس نے مجھے یہ صلاحیت (میرے نزدیک صلاحیت بس میری زندگی کے وہ قیمتی لمحے ہیں جو امام حسینؑ اور پنجتن پاک کے ذکر میں گزر جائیں) دی کہ میں ان جذبوں کو الفاظ میں سمیٹ سکا اور جس نے اہلِ مودت کے قلب و روح کو گرمایا اور محظوظ کیا۔ میں

کیا اور میری اوقات کیا، یہ سب کرم فرمائی ہے اللہ کی جس نے اپنے حبیب **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اور ان کے خانوادے کے صدقے میرا بھرم رکھا ہوا ہے۔ دعا ہے کہ یہ بھرم مرتے دم تک اور محشر میں بھی انھی پاک نفوس کے صدقے قائم رہے۔ آمین

میں اس بات کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کتاب ''کارزارِعشق'' کوئی شعوری کاوش نہ تھی۔ اس کتاب کا نام اور اس میں شامل مضامین کا بیشتر حصہ میرے قلب و روح پر القا ہوتا رہا اور میں فقط ان کو سپردِ قرطاس کرتا رہا۔ اس سارے عمل میں مستی و سرور کی جو کیفیت موجزن رہی وہ بیان و تحریر میں نہیں آسکتی۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس کتاب کے قاری کو وہ مستی مسحور ضرور کرے گی۔

عشق مودت کا متقاضی ہوتا ہے، عشق فنا ہو کر بقا حاصل کرتا ہے، عاشق معشوق کے ذکر و فکر و خیال و رضا کو زندگی کا حاصل سمجھتا ہے۔

بقول اسداللہ خان غالب:

غمِ شبیرؑ سے سینہ ہو یہاں تک لبریز
کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں

سید فدا حسین شاہ ترمذی

۲۷ ستمبر ۲۰۱۸ء بمطابق ۱۶ محرم الحرام ۱۴۴۰ ہجری

03009117066

fidahshah@gmail.com

عشق اور اقبال رحمۃ اللہ علیہ :

علامہ محمد اقبال **رحمۃ اللہ علیہ** نے رموزِ بیخودی میں ''در معنی حریت اسلامیہ و سر حادثہ کربلا'' کا آغاز عشق اور عقل کے موازنے سے کیا۔۱۳ اشعار میں عشق اور عقل کا موازنہ کرنے کے بعد ۱۴ویں اور ۱۵ویں شعر میں فرماتے ہیں:

آں شنیدستی کہ ہنگام نبرد　　عشق با عقل ہوس پرور چہ کرد

آں امام عاشقاں پورِ بتول　　سروِ آزادے زبُستان رسول

(علامہ محمد اقبالؒ، رموز بیخودی)

ترجمہ وتشریح: کیا تو نے وہ واقعہ سنا کہ جب جنگ ہو رہی تھی تو لڑائی کے وقت عشق نے ہوس پرور عقل کے ساتھ کیا سلوک کیا (یہاں لڑائی سے مراد معرکۂ کربلا ہے، جس میں عشق کے سپہ سالار امام حسین **علیہ السلام** ہیں اور ہوس پرور عقل یزید اور اس کے حمایتی ہیں)۔ وہ (حسین **علیہ السلام**) عاشقوں کے امام ہیں اور رسولِ اکرم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے باغ میں سرو آزاد کی مانند ہیں۔

علامہ صاحب عشق کو حق کا استعارہ اور عقل کو ہوس پرور سمجھتے ہیں۔اس سے پہلے کے ۱۳ اشعار میں عشق اور عقل کا موازنہ کرتے ہیں جس کا مفہوم اور تشریح کچھ اس طرح سے ہے:

جس نے بھی ہمیشہ زندہ رہنے والے خدا (حی و قیوم) اور ہر وقت موجود (حاضر و ناظر) سے اپنا تعلق اور رشتہ بنا لیا اس کی گردن ہر معبود کی بندش سے آزاد ہوگئی۔یعنی خدائے لم یزل سے رشتہ استوار کر لینے سے وہ ہر قسم کے خداؤں سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور اسے ہر باطل قوت سے خلاصی مل جاتی ہے۔مومن کا وجود عشق سے ہے اور عشق مومن کی وجہ سے ہے۔عشق ناممکن کو ممکن بنا دیتا ہے۔عقل اور عشق کا موازنہ کرتے ہوئے علامہ محمد اقبال **رحمۃ اللہ علیہ** عقل کو ظالم، جلاد، سنگدل اور خونریز کہہ رہے ہیں مگر عشق کی شدتِ خونریزی کو اس کی پاکیزہ صفات کے ساتھ بیان فرما رہے ہیں۔عشق بےلوث اور اغراض سے پاک ہوتا ہے۔اپنے مقاصد کے حصول کے

لیے ناجائز حربے استعمال نہیں کرتا۔ چالاک، نڈر اور بے خوف ہوتا ہے۔ راہِ حق میں جس تیزی سے قدم اٹھاتا ہے، عقل وہاں تک نہیں پہنچ سکتی۔ عقل ہمیشہ اعداد وشمار کے ساتھ چلتی ہے، کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے عقل اسباب، وسائل اور نتائج کا جائزہ لیتی ہے جبکہ اس کے برعکس عشق ان ساری چیزوں سے بے نیاز ہو کر مقصدیت کے لیے آگے بڑھتا ہے۔ میدانِ عمل میں بے خوفی کے ساتھ آگے بڑھتا ہے، عشق کی طاقت اسباب وعلل و وسائل نہیں ہوتے بلکہ وہ صرف اہداف کو حاصل کرنے پر کاربند ہوتا ہے۔ عشق کو پروا نہیں ہوتی، کہ اس کے ساتھیوں کی تعداد کم ہے یا حالات ناموزوں ہیں، وہ سربکف میدانِ عمل میں نکل کر مقصد کے حصول کے لیے جدوجہد کرتا ہے۔

عشق اپنے بازو کی قوت پر بھروسہ کرتے ہوئے شکار کرتا ہے مگر عقل بنیادی طور پر مکار ہے اور مکروفریب، ہیر پھیر، عیاری اور چالبازی سے شکار کو اپنے جال میں پھنساتی ہے۔ عقل کا سارا سرمایہ خوف وڈر اور شک وشبہ ہے جبکہ عشق عزم ویقین کے ساتھ پیوستہ ہے۔ عقل کی تعمیر کا نتیجہ ویرانی کی شکل میں آتا ہے جبکہ عشق ویران کر کے مستقل طور پر آباد کرتا ہے۔ عقل ہوا کی طرح دنیا میں سستی ہے جبکہ عشق نایاب اور بہت قیمتی ہے۔

عقل چون وچند (کیوں، کیسا، کتنا) کی بنیاد پر مستحکم ہوتی ہے جبکہ عشق چون وچند کے اس لباس سے بے نیاز اور عریاں ہے۔ عقل خودنمائی پر زور دیتی ہے اور اپنے آپ سے کہتی ہے کہ آگے بڑھ یعنی دولت، عزت، طاقت اور شہرت حاصل کر جبکہ عشق کہتا ہے کہ تو ان چیزوں سے بے نیاز ہو جا اور اپنے آپ کو امتحان کے لیے پیش کر دے اور آزمائش سے گزر جا۔ عقل مطلب کے لیے اجنبی سے آشنائی پیدا کرتی ہے جبکہ عشق اپنا محاسبہ خود کرتے ہوئے، غیر سے تعلق استوار کرنے کی بجائے اللہ کے فضل پر بھروسہ کرتا ہے۔ عقل کہتی ہے کہ خوش رہ کر مزے کی زندگی گزار کر راحت اور شادمانی حاصل کر جبکہ عشق کہتا ہے کہ اللہ کا صحیح بندہ بن کر غیر کی غلامی سے آزاد ہو

﴿کارزارِ عشق﴾

جا۔علامہ صاحب عقل کو مکار اور چالاک گردانتے ہیں اور عشق کو بے لوث اور ترجمانِ حق سمجھتے ہیں۔

عشق کے لیے آرام،سکون اور راحت،حریت کی وجہ سے ہے۔اس کی اونٹنی (ناقے) کو ہانکنے والی حریت ہے۔

صدقِ خلیل بھی ہے عشق، صبرِ حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

(علامہ محمد اقبالؒ،بالِ جبریل)

بالِ جبریل میں علامہ صاحب اس عشق کو اس طرح سے بیان کرتے ہیں:

کبھی تنہائی کوہ و دمن عشق
کبھی سوز و سرور و انجمن عشق
کبھی سرمایۂ محراب و منبر
کبھی مولا علی خیبر شکن عشق

اسی طرح علامہ محمد اقبال نے رموزِ بیخودی میں سیدہ فاطمہؓ کے بارے میں فرمایا:

مادر آں مرکز پرکار عشق
مادر آں کارواں سالار عشق

آپ (فاطمہ **رضی اللہ عنہا**) حسنینِ کریمین (حسن اور حسین **علیہما السلام**) کی والدہ محترمہ ہیں۔امام حسین **علیہ السلام** عشق کی پرکار کے مرکز ہیں اور امام حسن **علیہ السلام** عشقِ حق کے قافلہ سالار ہیں۔

علامہ محمد اقبال **رحمۃ اللہ علیہ** اسرارِ خودی میں ''در شرح اسرار اسمائے علی مرتضےٰ'' کا آغاز

ہی یوں کرتے ہیں:

مسلم اول شہ مردان علی
عشق را سرمایہ ایمان علی
از ولائے دود مانش زندہ ام
در جہاں مثل گوہر تابندہ ام

ترجمہ وتشریح: حضرت علی **رضی اللہ عنہ** اول المسلمین یعنی سب سے پہلے اسلام لانے والے ہیں۔آپ **علیہ السلام** مردوں کے شاہ اور دلیروں کے سردار ہیں۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذاتِ مبارکہ عشق کے لئے ایمان کا سرمایہ ہے۔میں (اقبال) آپ **رضی اللہ عنہ** کے خاندان کی محبت کی وجہ سے زندہ ہوں۔اوراسی وجہ سے جہاں میں موتی کی طرح جگمگا رہا ہوں۔علامہ صاحب کے نزدیک روحانی حیات کے لئے حضرت علی **رضی اللہ عنہ** اور آپ کے خاندان کی محبت نہایت ضروری ہے اوراسی سے دنیا اور آخرت میں آبرو ملتی ہے۔مشکٰوۃ شریف اور ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ ابنِ عباس **رضی اللہ عنھما** رسولِ اکرم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے روایت کرتے ہیں: اللہ سے اس لئے محبت کرو کہ وہ تمھیں کھانے کے لئے نعمتیں دیتا ہے۔اور اللہ کی محبت کی وجہ سے مجھ سے محبت کرو۔اور میری محبت کی وجہ سے میرے اہلِ بیت کے ساتھ محبت کر۔

علامہ صاحب نے عقل وعشق کا موازنہ اس طرح سے کیا:

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

علامہ صاحب عقل کو مکار اور چالاک گردانتے ہیں اور عشق کو بے لوث اور ترجمانِ حق:

عقل عیار ہے سو بھیس بدل لیتی ہے
عشق بیچارہ نہ ملا ہے، نہ زاہد نہ حکیم

اسی طرح بالِ جبریل میں علامہ صاحب عقل اور عشق کا تقابل یوں کرتے ہیں

تازہ مرے ضمیر میں معرکۂ کہن ہوا
عشق تمام مصطفیٰ، عقل تمام بولہب

آباء واجداد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا میلاد یعنی آپ کا اس دنیا میں تشریف لانا برکتوں اور رحمتوں سے بھرپور ہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا میں ظہور پذیر ہوئے تو عجائباتِ دنیا اور معجزات دیکھنے میں آئے جن میں شام تک کے محلات کا روشن ہو جانا، آتش پرستوں کی ہزار سالہ آگ کا ٹھنڈا ہو جانا، کسریٰ کے محل کے کنگرے گر جانا وغیرہ وغیرہ مشہور ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت یا مولد کی بات ہو اور آپ کے آباء واجداد کا تذکرہ نہ ہو تو یہ زیادتی ہوگی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی دنیا منتظر تھی۔ یہود کو ان تمام علامات کا بخوبی ادراک تھا۔ قرآن کہتا ہے کہ یہود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ان نشانیوں، علامات اور آثار) کو ایسے پہچانتے تھے جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے تھے۔ نصاریٰ ان نشانیوں اور وقت کو جانتے تھے، بحیرا راہب کا واقعہ اس بات کا مؤید ہے۔ بادشاہ تبع حمیری اور اس کے یثرب میں ہزار سال سے آباد کردہ علماء اور ان کی نسلیں منتظر تھیں تو پھر سوال یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ عالی قدر آباء و اجداد جن کی پشتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود امانت رکھا گیا تھا (اور جو نسل در نسل پاک اصلاب سے پاک ارحام کی طرف منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا سے ظہور پذیر ہوا) کیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے بے بہرہ تھے؟ یہ لمحہ فکریہ اور غور طلب مقام ہے۔ اس پر غور وفکر سے بہت سے عقدے بڑی آسانی سے کھل سکتے ہیں۔

سیرت کی کتابیں اٹھا کر دیکھئے تو پتا چلے گا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد نہ

صرف اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے بلکہ اپنی اولاد کوتاکید کر کے جاتے تھے کہ جب وہ عظیم نبی آخرالزمان اس دنیا میں تشریف لائے تو نہ صرف ہمارا سلام عرض کرنا بلکہ ان پر ایمان بھی لانا۔ یہی تاکید انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قوموں کو کرتے رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام آباء واجداد نہ صرف موحد تھے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت اشعار کی صورت میں کہا کرتے تھے۔ الغرض توریت، انجیل اور ہر طرف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کا چرچا تھا، اسی طرح سرکار کے آباء واجداد بھی (جو نورِ محمدی کے امین تھے) اس خبر سے بخوبی آگاہ تھے۔ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد اپنی اولاد کو تاکید کر کے جاتے کہ جب وہ عظیم الشان نبی آجائے تو اس پر ایمان لانا اور اس کی نصرت کرنا۔

جنابِ عبداللہ علیہ السلام سے لے کر جنابِ عدنان تک ۲۲ پشتوں کا شجرہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود بیان فرمایا ہے۔ ان میں سے کسی کے بھی حالات اٹھا کر پڑھ لیجئے، آپ پر یہ حقیقت آشکار ہوگی کہ وہ اعلیٰ ترین اخلاق کے مالک اور موحد تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح میں اشعار کہتے اور اپنی اولاد کو تاکید فرماتے کہ اس امانت کی حفاظت کرنا اور ایمان لانے کی تلقین کر کے جاتے۔ اب جن پشتوں میں سے مرحلہ وار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلب سے رحم پھر صلب اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یہاں تک کہ رحمِ جنابِ سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا تک منتقل ہوئے، کیا ان ہستیوں کا ذکر میلادالنبی یا سیرت النبی کا اہم موضوع نہیں ہے؟ بہت کم لوگوں کو اس پر بات کرتے سنا ہے، میلاد اور سیرت کے جلسوں کا تو یہ ذکر لازمی حصہ ہونا چاہئے۔

نبی محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد عبداللہ علیہ السلام سے لیکر ابراہیم علیہ السلام تک سلسلۃ الذھب کی جتنی کڑیاں ہیں، سب بڑی شان والے تھے۔ وہ کعبے کے نگہبان اور متولی تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد دینِ ابراہیمی پر تھے، اللہ کی واحدانیت کے علمبردار، اس کے گھر کعبہ کے رکھوالے اور نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منتظر تھے۔ نبی اکرم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہمیشہ پاک اصلاب سے پاک ارحام کی طرف منتقل ہوتا رہا، میرے آباء واجداد کو جاہلیت کی کسی بری رسم نے نہیں چھوا۔

غریب وسادہ ورنگیں ہے داستانِ حرم

نہایت اس کی حسین، ابتدا ہے اسماعیل

(علامہ محمد اقبالؒ، بالِ جبریل)

کعبہ کے معمار ابراہیم اور اسماعیل **علیہما السلام** ہیں، اسماعیل **علیہ السلام** پتھر اور گارا لے کر آتے اور ابراہیم **علیہ السلام** کعبے کی بنیادیں اور دیواریں کھڑی کرتے تھے۔ ابراہیم اور اسماعیل **علیہما السلام** کعبہ کے بنانے والے، محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اور حسین **علیہ السلام** کعبہ کو بچانے والے، مولیٰ علی **علیہ السلام** مولودِ کعبہ، کیا خوب ربط ہے کعبے کا ان سے۔ خلیل اللہ نے مکہ کو اور حبیب اللہ نے مدینہ کو حرم بنایا۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے دعا کی کہ مدینہ کو مکہ سے دگنی برکت عطا فرما (بخاری، مسلم)۔ مسجد النبوی میں نمازیں پڑھنا سعادت ہے، مسجدِ نبوی کو یہ فضیلت کیوں ملی؟ مدینہ حرم کس کی وجہ سے بنا؟ سلام ہو محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** وآلِ محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** پر

ابرہہ کے حملے پر عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** قوم کو پہاڑوں پر بھیجنے کے بعد کعبے کے ساتھ چمٹ گئے اور کہا: میں تمہیں چھوڑ کر نہیں جا سکتا۔ جنابِ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** نے بیت اللہ سے چمٹ کر دعا کی کہ اے مالک! جو تیری مرضی، جیسا تو چاہے، چاہے تو اپنے گھر کو بچالے، چاہے تو ابرہہ اپنے ارادے میں کامیاب ہو جائے، میں اس گھر کو چھوڑ کر نہیں جاؤں گا۔ ساری قوم کو پہاڑوں پر بھیجنے کے بعد ایک طرف عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** ہیں جو اکیلے کھڑے ہیں، مطاف میں کعبے کی دیواروں کو تھامے ہوئے اور دوسری طرف ابرہہ ہاتھیوں کے لشکر کے ساتھ مکمل غرور و نخوت کا پیکر بنا ہوا۔ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** اکیلے ہیں مگر عزم واستقلال کا ایک کوہ گراں، مالک پر یقینِ کامل جبکہ ابرہہ پورے وسائل پر بھروسہ کرتے ہوئے کعبہ کو گرانے کا ارادہ کیے ہوئے تھا۔

مگر اللہ کا بندہ ہو تو وہ اکیلا بھی اپنے مالک پر بھروسہ کرتے ہوئے ہاتھیوں کے پہاڑ جیسے لشکر کے سامنے کھڑا ہو جاتا ہے اور سرخرو رہتا ہے۔ سورہ فیل عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کی شان میں ہے، اللہ نے متولی کعبہ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کی دعا پر ابابیلوں سے ہاتھیوں اور حملہ آوروں کو تباہ کیا۔

یزید یہ بات بھول گیا تھا، کہ حسین اسی عبدالمطلب کے بیٹے ابوطالب **علیہم السلام** کے پوتے ہیں، وہ وسائل و اسلحہ ہائے حرب سے مالا مال لشکر کو کہاں خاطر میں لانے والے تھے۔ چنانچہ دنیا نے دیکھا کہ رسوائی و لعنت یزید اور اس کے حامیوں کا مقدر بنی اور عزت و افتخار آلِ عبد المطلب **رضی اللہ عنہ** اور ان کے جاںنثاروں کے حصے میں آئی۔

الغرض نبی کریم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے آباء و اجداد موحد اور دینِ ابراہیمی پر کاربند تھے، اللہ ان کی باتیں سنتا اور دعائیں قبول کرتا تھا۔ وہ کعبے کے متولی اور عرب کے سردار تھے۔ حضور **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے آباء و اجداد خوبصورتی اور جمال میں بیمثال تھے۔ شجاعت و وجاہت میں نمایاں، جُود و سخا اور خُلق و سیادت میں ممتاز تھے۔

نبی اکرم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**، صاحبِ لولاک، محمد مصطفیٰ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: ''**اَنَا دَعْـوَۃُ اَبِیْ اِبْرَاھِیْم**'' میں اپنے باپ ابراہیم **علیہ السلام** کی دعا ہوں۔ محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے ابراہیم **علیہ السلام** تک نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے جتنے آباء و اجداد ہیں، ان کے بارے میں جاننا اور اس شجرے کو بیان کرنا یقیناً بڑی سعادت ہے، ان نفوس پر سلام۔ حضور **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے آباء و اجداد اور گھرانہ ہی ابراہیم **علیہ السلام** کی تعلیمات، مذہب اور توحید پر قائم تھا۔ باقی عرب تو بت پرستی جیسی لعنت میں گرفتار تھے۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے اجداد اپنے اپنے وقت میں سردارانِ قریش رہے، قصی اپنے وقت میں، ہاشم، عبدالمطلب اور ابوطالب **علیہم السلام** اپنے اپنے ادوار میں قریش کے سردار ہوئے۔

نبی محتشم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے اپنا شجرہ طیبہ ۲۲ پشتوں (محمدؐ تا عدنان) تک احادیث میں

خود بیان فرمایا ہے۔ سلسلۃ الذھب کی ان ساری کڑیوں پر سلام۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی

بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر

بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس

بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان

نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا نام محمد آپ کے دادا عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** نے رکھا، محمد یعنی تعریف کیا گیا، کلمہ میں بھی محمد آیا، قرآن میں بھی محمد سے مخاطب کیا گیا۔ نبی کریم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا:

اللہ نے اولادِ ابراہیم **علیہ السلام** سے اسماعیل **علیہ السلام** کو، بنی اسماعیل سے کنانہ، بنی کنانہ سے قریش، قریش سے ہاشم اور بنی ہاشم سے مجھے چُنا

نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے بی بی خدیجہ **سلام اللہ علیہا** کے ساتھ نکاح کا خطبہ جنابِ ابوطالب **علیہ السلام** نے ارشاد فرمایا جس کا آغاز یہاں سے کیا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلْنَا مِنْ ذُرِّیَّتِ اِبْرَاهِیْمَ وَ ذَرْعِ اِسْمَاعِیْلَ وَ ضِعْضَعِ مَعْد وَعَنْصُرِ مُضَر

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں کہ جس نے ہمیں ابراہیم **علیہ السلام** کی اولاد، اسماعیل **علیہ السلام** کی کھیتی، معد کے اصل اور مضر کی نسل سے پیدا کیا

عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے دادا اور جنابِ ہاشم (سیدالبطحا) کے والد عبدمناف کو قمرالبطحا یعنی بطحا کا چاند کہا جاتا تھا، عبدمناف قصَیٰ کے بیٹے تھے۔ ہاشم **رضی اللہ عنہ** کے دادا قصیٰ نے ابراہیم **علیہ السلام** اور اسماعیل **علیہ السلام** کے تعمیرِ کعبہ سے کئی صدیاں گزرنے کے بعد خانۂ کعبہ کو دوبارہ تعمیر

کرنے کا شرف حاصل کیا۔قصَی نے قریش کو اکٹھا کیا، باہمی مشاورت کے لئے کعبہ کے ساتھ مکان (دارالندوہ) تعمیر کیا اور تولیتِ کعبہ کے تمام امور اپنے ہاتھوں میں لیے۔ جنابِ قصَی (یا قصَی) نے ضیوف الرحمٰن (حاجیوں) کے بہتر انتظام وانصرام کے لئے رفادہ، سقایہ، الندوہ اور اللواجیسے مناصب متعارف کرائے۔

عبدمناف اور عبدالعزیٰ دونوں بھائی تھے اور قصی بن کلاب کے بیٹے تھے۔ سیدہ خدیجہ **رضی اللہ عنہا** (اُمِ فاطمہ **رضی اللہ عنہا**) کا شجرہ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے قصی بن کلاب پر ملتا ہے۔قصی پر فاطمہ **رضی اللہ عنہا** کے بابا محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اور والدہ خدیجہ **رضی اللہ عنہا** کا شجرہ ایک ہوجاتا ہے۔ خدیجہ **رضی اللہ عنہا** کے جد، عبدالعزیٰ اور نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے جد، عبدمناف آپس میں بھائی تھے۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی

خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی

قصی اور زہرہ دونوں بھائی تھے اور جنابِ کلاب بن مرہ کے بیٹے تھے، نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے والد عبداللہ اور والدہ آمنہ کا شجرہ کلاب بن مرہ پر مل جاتا ہے۔ سیدہ آمنہ **سلام اللہ علیہا** قریش کے مشہور خاندان بنی زہرہ سے تھیں اور اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھیں، نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: میں اپنی والدہ (آمنہ **سلام اللہ علیہا**) کا خواب ہوں۔

محمد بن آمنہ بنت وہب بن عبدمناف بن زہرہ بن کلاب بن مرہ

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ

کلاب اور تیم دونوں بھائی اور مرہ بن کعب کے بیٹے تھے، جنابِ ابوبکر صدیق **رضی اللہ عنہ** بنی تیم سے تھے اور ان کا شجرہ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے مرہ بن کعب پر ملتا ہے۔

کعب بن لوی: کلاب بن مرہ کے دادا

کلاب: عبدمناف بن قصی کے دادا

عبدمناف: عبدالمطلب بن ہاشم کے دادا

عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ**: محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے دادا

محمد، علی، فاطمہ، حسن اور حسین **علیہم السلام** ایک ہی شجرے سے ہیں

حسین بن فاطمہ بنت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم

حسین بن علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم

کلاب بن مرہ جناب ہاشم کے پردادا تھے، کلاب کے دادا کعب بن لوی محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے کئی صدیاں پہلے ہوگزرے، وہ محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی محبت میں اشعار کہا کرتے تھے۔ کعب بن لوی کے اشعار سے نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے ان کی محبت اور وارفتگی کی خوش بُو آتی تھی، وہ اپنی اولاد کو نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے محبت اور نصرت کی تلقین کیا کرتے تھے۔ کعب بن لوی دورِ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** میں ہونے کی حسرت کرتے اور کہتے: کاش میں اس وقت موجود ہوتا جب قبیلہ حق کو نامراد کرنے میں مصروفِ عمل ہوگا۔

کعب بن لوی کے اشعار اور خواہش کو سامنے رکھیئے اور جنابِ ابوطالب کے قصیدہ لامیہ کے اشعار پڑھیئے اور پھر ۴۲ سالہ دورِ نصرتِ نبوت کو سامنے رکھیئے تو پتہ چلتا ہے کہ جنابِ کعب کے ایک ایک شعر کا مصداق کوئی اور نہیں بلکہ بطحا کے سردار عبدالمطلب کے بیٹے ابوطالب ہیں، جنھوں نے اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ نصرتِ رسول **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے لئے وقف کردیا تھا۔ وہ شعب ابی طالب کے تین سال ہوں یا باقی عرصۂ حیات، ساری عمر جناب ابوطالب اسی ایک مشن پر گامزن رہے کہ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** پر ذرا سی آنچ نہ آئے اور وہ اپنا کارِ رسالت احسن طریقے سے انجام دیتے رہیں۔

کعب بن لوی کے دادا غالب بن فہر تھے، غالب کے والد فہر کو قریش کہا جاتا ہے۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرّہ بن کعب

بن لوئی بن غالب بن فہر

قریش کی وجہِ تسمیہ میں سے ایک اپنے قبیلے کو اکٹھا کرنا ہے، فہر (قریش) بن مالک نے سب اولادِ کنانہ کو بادشاہِ یمن کے مقابلے میں اکٹھا کیا، اس لیے جنابِ فہر کا نام قریش مشہور ہو گیا۔ سرکارِ انبیاء **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے ناموں میں سے قریشی، ہاشمی، مطلبی، تہامی بہت مشہور ہیں۔ قریشی، ہاشمی اور مطلبی صفات، بنی ہاشم کی پہچان تھیں۔ سورہ فیل کے علاوہ سورہ قریش میں بھی اولادِ فہر بن مالک کا بیان ہے، قریش کے جملہ فضائل میں سے اہم ترین نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا اس خاندان سے ہونا ہے۔

ابرہہ پہلا آدمی نہیں تھا جو کعبے پر حملہ آور ہوا، ابرہہ سے کئی صدیاں پہلے حسان بن عبدالکلال حمیری (شاہِ یمن) بھی کعبہ پر حملہ آور ہوا تھا۔ حسان شاہِ یمن کعبہ کے پتھر اٹھا کر یمن لے جانا چاہتا تھا تاکہ وہاں کعبہ بنائے اور لوگ حج اور طواف مکہ کی بجائے یمن آ کر کریں۔ فہر (قریش) بن مالک نے اولادِ کنانہ کو اکٹھا کیا، حسان شاہِ یمن کا مقابلہ کیا اور شاندار فتح حاصل کی، فہر کی دھاک پورے عرب پر بیٹھ گئی۔

فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان

عدنان، اسماعیل **علیہ السلام** کے بیٹے قیدار کی نسل سے ہیں۔ عدنان سے قیدار بن اسماعیل بن ابراہیم **علیہم السلام** کے درمیان تقریباً ۳۷ (کم وبیش) پشتیں ہیں، ہمارے نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ذریتِ اسماعیل وابراہیم **علیہما السلام** سے ہیں۔

فہر بن مالک کے دادا نضر بن کنانہ کو بھی قریش کہا گیا، قریش قرش (تفتیش) سے ماخوذ ہے، نضر حاجیوں کی ضرورتوں کو ڈھونڈ کر پورا کرتے تھے۔ قریش تقرش سے ہو تو تجارت کے

ذریعے روزگار کا حصول، قریش بحری جانور ہو تو قوت وہیبت سے دیگر قبائل پر اولادِ نضر کی برتری کا اظہار ہے۔ نضر بن کنانہ چہرے کی دمک اور حسن و جمال کی وجہ سے نضر کہلائے، ان کا نام قیس تھا، وہ غریب پروری اور مسافر نوازی میں مشہور تھے۔

نضر کے والد کنانہ بن خزیمہ تھے، کنانہ کے علم وفضل کی وجہ سے عرب کے دور دراز علاقوں سے لوگ ان کی زیارت کے لئے مکہ آتے تھے۔ کنانہ کا مطلب ترکش ہے، جس طرح ترکش تیروں کو اپنے اندر چھپا لیتا ہے اسی طرح کنانہ اپنے دامنِ جُود وکرم میں اپنی تمام قوم کو چھپا لیتے تھے۔ کنانہ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی آمد کی بشارت دیتے، ان کی دعوت پر ایمان لانے کی تلقین کرتے اور کہتے: ان کا نام احمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ہوگا اور ان کا ظہور قریب ہے۔ کنانہ نے حطیم میں خواب دیکھا، کہا گیا کہ گھوڑے، اونٹ، تعمیرات اور دائمی عزت میں سے ایک چن لو۔ کنانہ نے کہا چاروں دے دیں، اللہ نے چاروں عطا کر دیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ خدائے وحدہ لاشریک نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے آباء واجداد اور کعبے کے متولیوں کی دعائیں قبول کرتا تھا، وہ جو مانگتے، اللہ عطا کر دیتا تھا۔

نضر بن کنانہ کے دادا خزیمہ بن مدرکہ تھے۔ کہا گیا کہ خزیمہ کے لوگوں پر انعامات و احسانات کا کوئی شمار نہیں تھا۔ خزیمہ بن مدرکہ کے بارے میں کہا گیا: جتنے بھی فضائل و مکارم تھے وہ سب کے سب بڑی تیزی سے خزیمہ کی ذات میں جمع ہوگئے۔

کنانہ بن خزیمہ کے دادا مدرکہ بن الیاس تھے۔ اصل نام عمرو تھا، جنگل سے بھاگے ہوئے اپنے اونٹ واپس لانے پر والد نے کہا انت مدرکہ۔ یہیں سے آپ کا نام مدرکہ زبانِ زدِ خاص و عام ہوگیا۔

خزیمہ بن مدرکہ کے دادا الیاس بن مضر تھے۔ الیاس اہلِ عرب کے سردار تھے اور عربوں کے ہاں سید العشیر ہ کے لقب سے ملقب تھے۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: الیاس کو

برا بھلامت کہو وہ مومن تھے، اہلِ عرب کے ہاں ان کی مثال ایسے ہے جیسے لقمان حکیم اپنی قوم میں۔الیاس والد کے وصی اور جانشین تھے۔ وہ قبیلے کی اصلاح کرتے، برے اعمال پر زجر وتوبیخ کرتے اور اسماعیل **علیہ السلام** کے سنن واطوار پر چلنے کی تاکید کرتے تھے۔ الیاس بن مضر بہت خوبصورت تھے۔حکیمانہ گفتگو کرتے، قبیلے کے مردوزن دل سے تعظیم کرتے اور وہ عزت واجلال کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔خزیمہ بن مدرکہ کے دادا الیاس بن مضر پہلے آدمی تھے جو قربانی کا جانور لیکر بیت اللہ گئے، فیصلہ طلب اموران کے سامنے پیش کیے جاتے تھے۔

مدرکہ بن الیاس کے دادا مضر بن نزار تھے۔ مضر کا نام ان کے حسن وجمال سے ہے،لوگوں کے دلوں کو شیدائی کرلیتے، جو دیکھتا فریفتہ ہوجاتا تھا۔مضر بن نزار کو لحنِ داؤدی بھی دیا گیا۔اونٹ سے گرے، درد سے فریاد کی،لحن میں ایسی کشش تھی کہ دور چراگاہ سے اونٹ دوڑتے چل آئے۔مضر نے فریاد کی: **وایدِ یاہ وایدِ یاہ** یعنی ہائے میرے ہاتھ، ہائے میرے ہاتھ۔

لحن ایسی پرسوز تھی کہ اونٹ دوڑ کر آ گئے، صحت مند ہونے پر حُدی کا آغاز کیا۔مضر بن نزار کے حکیمانہ اقوال مشہور ہیں، ان کی ذہانت وفطانت اور فہم وفراست کا پورا عرب معترف تھا، نورِ محمدی ان کے چہرے سے ضوفشاں تھا۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: مضر کو برا بھلامت کہو، وہ مومن تھے اور دینِ اسماعیل **علیہ السلام** پر قائم تھے، عربوں میں حُدی خوانی کی ابتدا مضر بن نزار سے ہوئی۔

الیاس بن مضر کے دادا نزار بن معد تھے۔نزار بن معد اپنے زمانے کے تمام لوگوں سے حسین وجمیل اور عقل وفہم میں ممتاز تھے۔ نزار پیدا ہوئے تو دونوں آنکھوں کے درمیان نورِ مصطفیٰ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** چمک رہا تھا۔ یہ دیکھ کر آپ کے والد معد بن عدنان کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔نزار کی پیدائش پر معد نے ایک ہزار اونٹ ذبح کیے اور ہر خاص وعام کو مدعو کیا۔ یہ نعمتِ کبریٰ (نورِ محمدی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی ضوفشانی) پر شکرگزاری کا اظہار تھا۔نزار کی وجہ تسمیہ: پیدائش

پر والد نے بے بہا خرچ کیا، کہا گیا یہ بہت زیادہ ہے گویا آپ نے اسراف کیا۔ معد بن عدنان نے جواب دیا **هٰـذا نَزْرٌ قَلِيْلٌ** "، یہ اس نعمت کے مقابلے میں بہت کم ہے، جو رب نے مجھے عطا کی ہے۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے اجداد کے بارے میں قرآن کہتا ہے کہ بہت شکرگزار تھے۔ وتقلبک فی الساجدین، اور آپ کو ساجدین میں رکھا، میں اسی کا بیان ہے۔

مضر بن نزار کے دادا معد بن عدنان تھے۔ ۲۱ سال کی عمر میں ارمیاء **علیہ السلام** وحی الٰہی پر معد کو شام لے گئے۔ معد انبیاء بنی اسرائیل کے ساتھ کافی عرصہ رہے۔ اللہ نے ارمیاء **علیہ السلام** سے کہا کہ معد کی نسل سے نبی آخرالزمان کا ظہور ہوگا، بخت نصر کو معد کے قتل سے باز رکھو اور اپنے ساتھ لے جاؤ۔ وجہ تسمیہ: معد ہر وقت جنگ وجدال کے لئے تیار رہتے اور نورِ محمدی کی وجہ سے ہر جنگ میں فتح یاب ہوتے، آپ کو ابوالحرب کہا گیا۔

بخت نصر کے ارتحال پر معد بن عدنان نے مکہ کو اجڑنے کے بعد دوبارہ آباد کیا، معد نے بنی اسماعیل کے شرف ومجد کی بنیاد رکھی اور قلعہ تعمیر کیا۔ نزار بن معد کے دادا عدنان بن ادد تھے، عدنان موسیٰ اور شعیب **علیہم السلام** کے ہم عصر تھے۔ عدنان اہلِ عرب کے مسلمہ سردار تھے۔ عدنان وہ پہلے شخص تھے جنھوں نے بیت اللہ کو غلاف پہنایا۔ عدنان عدن سے ہے یعنی قائم یا باقی رہنا۔ عدنان کی حفاظت کیلئے فرشتے مقرر تھے۔

بخت نصر کے حملے کے جواب میں عرب بشمول اہلِ حضورا (یمن) عدنان کے جھنڈے کے نیچے اکٹھے ہوئے۔ ذاتِ عرق پر مقابلہ ہوا، جس میں عربوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، کیوں کہ بخت نصر کو اللہ نے شعیب **علیہ السلام** کی شہادت پر انتقام کی غرض سے عربوں پر مسلط کیا تھا۔ عدنان کی رحلت پر عرب برباد اور ویران ہوگیا اور مکہ اجڑ گیا۔ معد نے کافی مدت بعد ارمیاء **علیہ السلام** کے ہمراہ کعبہ کا طواف کیا اور مکہ کو دوبارہ آباد کیا۔

محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے اجداد میں عبداللہ سے لے کر عدنان تک ۲۲ پشتیں ہیں، عدنان

سے ۳۷ پشتیں بذریعہ قیدار اسماعیل **علیہ السلام** تک ہیں۔ یوں سلسلہ نسب ابراہیم **علیہ السلام** سے جا ملتا ہے۔ ابراہیم **علیہ السلام** سے کچھ پشتیں اوپر محمدؐ کا سلسلہ نسب بذریعہ سام نوح **علیہ السلام** سے ملتا ہے اور نوح **علیہ السلام** سے کچھ پشتوں بعد انوش، شیث اور پھر آدم **علیہم السلام** سے مل جاتا ہے۔

جس نے محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے آباء واجداد کو جان لیا، اُس نے کعبے سے ان کے تعلق کو پہچان لیا۔ کعبے کے معمار ابراہیم و اسماعیل **علیہما السلام** ہیں۔ شہر مکہ ہاجرہ **سلام اللہ علیہا** نے اس وقت بسایا جب اسماعیل **علیہ السلام** ابھی شِیر خوار بچے تھے۔ زمزم، سعی، صفا، مروہ، قربانی، رمی، مقامِ ابراہیم، سب شعائر اللہ ہیں۔ اللہ کے محبوب بندوں کی ادائیں تھیں جنھیں اللہ نے عبادت کا حصہ بنا دیا۔ کعبہ سے نبی اکرم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی محبت تحویلِ قبلہ والے واقعات اور آیاتِ قرآنی سے عیاں ہے۔ جوارِ مدینہ میں موجود مسجدِ قبلتین آج بھی اس بات کی غماز ہے۔ آقا **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا بار بار اپنے مالک کی طرف دیکھنا، کعبہ کے قبلہ بن جانے کی خواہش اور دورانِ نماز رخ تبدیل کرنا، آج تک عشاق کو متحیر کیے ہوئے ہے۔

مولیٰ علی **علیہ السلام** کی والدہ مطاف میں ہیں، کعبے کی دیوار شق ہوتی ہے۔ فاطمہ بنتِ اسد کا اکرام بیت اللہ کرتا ہے، رکنِ یمانی کی دراڑ آج بھی نمایاں ہے۔ محبوب بندوں کی ادائیں شاملِ عبادت ہوجاتی ہیں، شعائر اللہ بن جاتی ہیں۔ رمی ہو یا قربانی، سعی ہو یا زمزم، مقامِ ابراہیم، صفا و مروہ سب شعائر اللہ قرار پائے۔ کربلا صحرا تھا، معلیٰ بن گیا۔

اسماعیل **علیہ السلام** کی ایڑیوں سے میٹھے پانی کا چشمہ جاری ہوا۔ ہاجرہ **علیہا السلام** نے زم زم (رک رک) کہا تو ابلتے ہوئے چشمے کو قرار آ گیا ورنہ یہ پانی اگر نہ روکا جاتا تو پوری دنیا میں پھیل جاتا۔ زمزم کا چشمہ آج بھی عقل کے دعویداروں کے لئے زندہ معجزہ ہے جو چار ہزار سال سے جاری ہے۔ پوری دنیا کے حاجی اور معتمر چار ہزار سالوں سے زمزم سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ پوری دنیا میں یہ پانی تحفۂ حرم کی نیت سے لے جایا جاتا ہے، پھر بھی اس کی مقدار میں کمی ہوئی نہ

اس کے معیار میں۔ ہر طرح کی کثافتوں سے پاک یہ پانی انسانی عقول کو حیران کیے ہوئے ہے۔

اپنی زوجہ اور ننھے بچے کو وادی غیر ذی زرع میں چھوڑ کر لوٹ جانا عشق ہی تو تھا، ابراہیم **علیہ السلام** کا عشق تھا تو ہاجرہ **علیہا السلام** کا بھی تو عشق تھا۔ بچے کی پیاس دیکھ کر دیوانہ وار صفا اور مروہ کے سات چکر عشق ہی تو تھا، حاجیوں کا سعی میں سات چکر لگانا اس عشق کا اعتراف ہے۔ بچے کو چھری کے نیچے لٹا دینا عشق ہے تو بچے کا چھری کے نیچے لیٹ جانا اور صابرین میں سے ہونے کا اعلان بھی تو عشق ہے۔ ایک بیٹا راہ حق میں قربان کرنے کا عہد اور تین بار اونٹوں کے نام قرعہ نکلنے پر کہیں جا کر مطمئن ہونا، جناب عبدالمطلب کی ۱۰۰ اونٹوں کی قربانی عشق ہی تو تھا۔

حضرت محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ذبیحین کی اولاد ہیں، اسماعیل **علیہ السلام** اور آپ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے والد عبداللہ **علیہ السلام** ذبیح اللہ۔ اسماعیل **علیہ السلام** کا فدیہ مینڈھا اور عبداللہ **علیہ السلام** کا فدیہ سو اونٹ۔ یہ قربانی جو اسماعیل **علیہ السلام** سے موقوف ہوئی، جناب عبداللہ سے ٹلی، اس قربانی کا سہرا امام حسین **علیہ السلام** کے سر پر سجنا تھا، اس لیے امام حسینؑ ذبحِ عظیم قرار پائے جب لبِ فرات نینوا میں آپ **علیہ السلام** کو ذبح کیا گیا۔

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر　　　معنی ذبح عظیم آمد پسر

(علامہ محمد اقبالؒ، رموزِ بیخودی)

اسماعیل اور عبداللہ **علیہما السلام** کا فدیہ کربلا میں بنی ہاشم کے درخشندہ ستاروں اور ان کے جانثار غلاموں نے پیش کیا۔ حسین **علیہ السلام** ذبحِ عظیم ہیں۔ ابراہیم و اسماعیل، عبدالمطلب و عبداللہ **علیہم السلام** کی وہ تمام قربانیاں جو موقوف ہوتی رہیں، سب کربلا میں اس دلیری سے پیش کر دینا عشق کی خوبصورت ترین مثال ہے۔

حضور **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے وابستہ تمام ہستیوں، آپ کے تمام آباء و اجداد، والد، چچا، دادا، ناصر، اولاد، آل، اھل بیت، اصحاب اور ازواج کو ہمارا سلام

بنی ہاشم:

جناب ہاشم بن عبد مناف، حضور **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے دادا جناب عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے والد تھے۔ ہاشم کی اولاد اوران کا کنبہ بنی ہاشم کہلاتا ہے، یہ وہ خاندان ہے جسے اللہ نے اپنے حبیب **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے لئے مخصوص کیا۔ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کا ننھیال یثرب میں بنی النجار تھا، آپ کا بچپن ننھیال میں گزرا۔ آپ بچپن میں تیراندازی کیا کرتے تھے۔ بچپن میں تیراندازی کے دوران جب تیر نشانے پر لگتا تو عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** خوش ہوکر کہتے:

اَنَاابۡنُ هَاشِمۡ   اَنَاابۡنُ سَيِّدِ الۡبَطۡحَا

میں ہاشم کا بیٹا ہوں   میں بطحا کے سردار کا بیٹا ہوں

نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے تمام آباء واجداد بہت جمیل اور خوبصورتی میں بے مثال تھے۔ جنابِ ہاشم کو سیدالبطحا (بطحا کا سردار) کہا جاتا تھا۔ جبرائیل **علیہ السلام** نے کہا: یارسول اللہ! میں نے زمین کے مشارق ومغارب کھنگال ڈالے مگر کوئی شخص آپ سے اور کوئی خاندان بنی ہاشم سے افضل نظر نہ آیا۔

بنی ہاشم کا جودوسخا، عفت وحیا، سقایہ وکعبہ کی نگہبانی، حاجیوں کی میزبانی اور دیگر اوصاف کی وجہ سے بطحا، عرب اور سارے عالم میں شہرہ تھا۔ ہاشم ہشم سے ہے یعنی ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جناب ہاشم نے قحط میں اونٹ ذبح کیے، شام سے کنک منگوائی اور روٹیوں کے ٹکڑے سالن میں ڈال کر دعوتِ عام دی۔ بنی ہاشم کے افراد میں سے چند مشہور ترین: محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** • ہاشم، عبدالمطلب ، عبداللہ، ابوطالب، عباس، حمزہ، عبیدہ، علی، جعفر، عقیل، حسن، حسین، عباس علمدار، عبداللہ بن عباس، مسلم بن عقیل، عبداللہ ابن جعفر، محمد بن حنفیہ **رضوان اللہ علیہم اجمعین**۔

بنی ہاشم کے جملہ فضائل واوصاف میں وجاہت وشجاعت نمایاں ہیں۔ بنی ہاشم کے ہر چھوٹے بڑے کا ڈنکہ بجا ہے۔ اشجع الاشجعین، اسداللہ وغیرہ۔ حمزہ، عبیدہ، جعفر، علی، حسن، حسین،

عباس علمدار، آلِ علی، آلِ عقیل، آلِ حسن، آلِ حسین **علیھم السلام** کے شہداء، سب بنی ہاشم کے شیر اور شہید ہیں۔

عرب مصیبت میں بنی ہاشم کی طرف دوڑتے تھے۔ بھوک ہو یا افلاس قحط ہو یا خشک سالی، بارش کی دعا تک کے لئے بنی ہاشم کے پاس دوڑے چلے آتے۔ اہلِ مکہ واہلِ عرب کا عبدالمطلب اور ابوطالب **علیھما السلام** سے بارش کیلئے دعا کرانا، ان کی دعا سے بارانِ رحمت کا برسنا معروف ومشہور ہے۔ عمرِ فاروق **رضی اللہ عنہ** کا اپنے دورِ خلافت میں عباس بن عبدالمطلب **رضی اللہ عنہما** کے وسیلے سے بارش کی دعا کا طلب کرنا اور موسلا دھار بارش کا برسنا تواتر سے ثابت ہے۔

زمزم کا کنواں جو کئی سو سال بند رہا، اسے دوبارہ ڈھونڈنے اور کھودنے کا شرف محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** و مولیٰ علی **علیہ السلام** کے دادا جنابِ عبدالمطلب **علیہ السلام** کو حاصل ہے۔ زمزم کے کنویں کی کھدائی کے دوران قریش عبدالمطلب **علیہ السلام** سے جھگڑتے ہیں، فیصلے کے لئے فریقین شام کی سرحد پر موجود کاہنہ کی طرف جاتے ہیں۔ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے قافلے کا پانی ختم ہو جائے اور عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کا اونٹ جب پاؤں اٹھائے تو صحرا میں میٹھے پانی کا چشمہ جاری ہو جاتا ہے۔ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کا فیصلہ کاہنہ کے کرنے سے پہلے ہی مالکِ ارض وسماء کر دیتا ہے، چشمہ جاری ہونے پر فریقِ مخالف معافی مانگ کر واپس ہو جاتا ہے۔ جنابِ عبدالمطلب **علیہ السلام** کی وفات پر مکہ کا بازار بند ہو گیا، ہر نفس غم واندوہ سے معمور تھا، سردارِ قریش کے بچھڑنے پر فضا سوگوار تھی۔ امیہ جب ہاشم کو مفاخرت کا چیلنج کرتا ہے تو کاہنہ ہاشم کے حق میں فیصلہ کرتی ہے۔ امیہ جرمانے کے علاوہ دس سالہ شام کی جلاوطنی کاٹتا ہے۔

صحیح بخاری کی حدیث ہے کہ حنین کے موقع پر نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے اصحابِ بدر اور صلح حدیبیہ والوں کو مخاطب کر کے فرمایا:

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ   اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

میں جھوٹا نبی نہیں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں

قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اس موقع پر رحمت عالم **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اپنے جانثاروں کی حوصلہ افزائی اور اپنی نبوت کی تصدیق کے لئے اپنے دادا کی حقانیت اور سچائی کو دلیل کے طور پر پیش کررہے ہیں۔ یہاں بہت لطیف نکتہ ہے کہ سرکار **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** اپنے جانثاروں سے مخاطب ہیں، ذرا غور فرمایئے، آپ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** یوں بھی تو فرما سکتے تھے کہ اے میرے وفادار صحابہ، میں سچا نبی ہوں کہ میں نے تمہیں شریعت دی، جہاد میں حصہ لینے کا موقع دیا، اپنی صحبت سے سرفراز کیا، جہالت کے اندھیروں سے نکال کر روشنی سے منور کیا، بدر و احد و خیبر و خندق اور دیگر غزوات و سرایہ میں جہاد کر چکے، مکہ فتح ہو چکا، حق کا غلبہ دیکھ چکے۔ میں تمہارا سچا نبی ہوں، میرا کلمہ پڑھ کر میری شریعت میں داخل ہو چکے، میں تمہارا شارع دین ہوں، میری طرف دیکھو کہ میں مصطفیٰ ہوں۔ اہلِ رمز کے لئے یہاں جھوم جانے کا مقام ہے کہ کتنی نازک صورتحال ہے اور سرکار **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کتنے ناز اور انداز سے اپنے دادا کو یاد کرکے ''میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں'' کا نعرہ بلند فرمارہے ہیں۔ فخر بنی آدم عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے نام پر فخر کا اظہار کررہے ہیں۔ ''میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں'' میں جو لطافت پوشیدہ ہے وہ اہلِ مودت سے مخفی نہیں۔

زمزم کی کھدائی، اصحابِ فیل کے واقعے اور خُلق و سخا کی وجہ سے پورا عرب نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے دادا عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کی سچائی اور حقانیت کا معترف تھا۔ حضرت محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے دادا جنابِ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** باقاعدگی سے غارِ حرا جایا کرتے تھے، بالخصوص رمضان کا چاند دیکھتے ساتھ ہی روانہ ہو جاتے تھے۔ یاد رہے، عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** حضرت محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی دنیا میں تشریف آوری سے بہت پہلے، غارِ حرا کی تنہائیوں میں جا کر اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے۔ حضرت عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کا نام شیبہ تھا، آپ کے چچا مطلب کی نسبت سے عبدالمطلب کہا گیا۔ حطیم میں آپ کی مسند ہوتی اور آپ کے دس بیٹے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ قلعہ قموص کی دیوار کے پاس پہنچے، علم کو پتھر پر گاڑا اور اپنی شجاعت میں کچھ اشعار پڑھے۔ مرحب کے رجز کے جواب میں مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اَنَا عَلِیّ'' وَ ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ مُهَذَّب'' ذُوْ سَطْوَةٍ وَّ ذُوْ حَسَبِ

میں علی ہوں اور عبدالمطلب کا بیٹا ہوں پاکیزہ، صاحبِ سطوت اور خاندانی ہوں

اسی طرح خیبر کے روز ہی مرقد دارمی کے رجز کے جواب میں فرمایا:

اَنَا عَلِیّ'' وَ ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ اَخُوْ النَّبِیِّ الْمُصْطَفٰے الْمُنْتَخَبِ

میں علی ہوں اور عبدالمطلب کا بیٹا ہوں برگزیدہ اور چنیدہ نبیؐ کا بھائی ہوں

اسی طرح ربیع ابن ابی التحقیق الخیبری کو مخاطب کر کے فرمایا:

اَنَا عَلِیّ'' وَ ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ لَحْمِیْ ذِمَارِیْ وَ اَذُبُّ عَنْ حَسَبِ

میں علی ہوں اور عبدالمطلب کا بیٹا ہوں میں اپنے مقام اور حسب ونسب کی عزت کا محافظ ہوں

مولیٰ علی علیہ السلام نے حسب نسب کے لحاظ سے اپنی فضیلت کا اظہار یوں کیا:

اَنَا عَلِیّ'' وَ اَعْلَے النَّاسِ فِی النَّسَبِ بَعْدَ النَّبِیِّ الْهَاشَمِیِّ الْمُصْطَفٰے الْعَرَبِ

میں علی ہوں نسب کے لحاظ سے سب لوگوں سے افضل

مگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ہاشمی، برگزیدہ اور عربی ہیں ان کے بعد

جنگِ صفین میں حریث بن صباع احمری کو یوں مخاطب کیا:

اَنَا عَلِیّ'' وَ ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ نَحْنُ وَ بَیْتُ اللّٰهِ بِالْکُتُبِ

میں علی ہوں اور عبدالمطلب کا بیٹا ہوں اللہ کے گھر کی قسم، ہم کتبِ سماوی کے مستحق ہیں

وَ بِالنَّبِیِّ اللْمُصْطَفٰے غَیْرِ الْکَذِبِ اَهْلُ اللِّوَآءِ وَالْمَقَامِ وَالْحُجُبِ

اور برگزیدہ نبی زیادہ حقدار ہیں اور یہ جھوٹی بات نہیں

(نبیؐ) جھنڈے والے اور مقامِ ابراہیم والے اور حجاب بیت اللہ والے ہیں

نَحْنُ نَصَرْنَاهُ عَلٰی کُلِّ الْعَرَبِ

ہم نے آپ (نبیؐ) کی مدد کی ہے تمام عربوں کے خلاف

نبیؐ سے اپنے قرب کو مولیٰ علی **علیہ السلام** نے یوں بیان فرمایا:

اَنَا اَخُوْ الْمُصْطَفٰی لَا شَکَّ فِیْ نَسَبِیْ مَعَہٗ رُبِیْتُ وَ سِبْطَاہُ ھُمَا وَلَدِیْ

میں مصطفیٰؐ کا بھائی ہوں اور میرے نسب میں کوئی شک نہیں ہے

ان کے گھر میں میری پرورش ہوئی اور ان کے نواسے میرے لڑکے ہیں

جَدِّیْ وَ جَدُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ مُتَّحِدٌ وَ فَاطِمُ زَوْجَتِیْ لَا قَوْلَ ذِیْ فَنَدٍ

میرے دادا اور اللہ کے رسولؐ کے دادا ایک ہیں

اور (حضرت) فاطمہؓ میری زوجہ ہیں، یہ کسی بے وقوف کا قول نہیں ہے

صَدَّقْتُہٗ وَ جَمِیْعُ النَّاسِ فِیْ ظُلَمٍ مِنَ الضَّلَالَۃِ وَالْاِشْرَاکِ وَالنَّکَدِ

میں نے ان کی تصدیق کی اور تمام لوگ تاریکیوں میں تھے

یعنی گمراہی، شرک اور تنگی میں تھے

ولید بن مغیرہ کو جواب دیتے ہوئے مولیٰ علی **علیہ السلام** نے اشعار کہے

یُھْدِدُ نِیْ بِالْعَظِیْمِ الْوَلِیْدُ فَقُلْتُ اَنَا ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ

مجھے ولید بڑی مصیبت کی دھمکی دیتا ہے میں نے کہا میں ابوطالب کا بیٹا ہوں

اَنَا ابْنُ الْمُبَجَّلِ بِالْاَبْطَحَیْنِ وَ بِالْبَیْتِ مِنْ سَلَفٍ غَالِبٍ

میں اس شخص کا بیٹا ہوں جو بطحا اور خانہ کعبہ میں معزز کیا جاتا ہے، اور میرے اسلاف خانۂ

مردان غالب سے ہیں

جنابِ ابوطالب **علیہ السلام** کی وفات پر مولیٰ علی **علیہ السلام** نے درج ذیل اشعار کہے

اَبَا طَالِبٍ مَّاوَی الصَّعَالِیْکِ ذَالنَّدیٰ وَ ذَالْحِلْمِ لَا خَلْفاً وَّ لَمْ یَکُ قُعْدَدًا

اے ابوطالب! جو بڑے سخی اور غرباء کی پناہ گاہ ہیں
اور حلم والے ہیں، نا خلف اور لنگڑے لولے نہیں ہیں

وَ اِلَّا فَاِنَّ الْحَیَّ دُوْنَ مُحَمَّدٍ   بَنُوْ هَاشِمٍ خَیْرِ خَیْرِ الْبَرِیَّةِ مُحْتَدَا

اور اگر ایسا نہیں تو بیشک محمدﷺ کی حمایت کرنے والے   بنی ہاشم تمام مخلوق سے زیادہ بہتر ہیں

مولیٰ علی **علیہ السلام** فرمایا کرتے کہ انا بن ابی طالب، میں ابوطالب کا بیٹا ہوں، قربان جایئے جنابِ ابوطالب **علیہ السلام** کی قسمت پر جن کو نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی بیالیس سالہ رفاقت، نصرت، محبت، مودت اور ساتھ نصیب ہوا۔ اسی طرح جس طرح نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ''انا ابن عبد المطلب'' فرمایا کرتے، مولیٰ علی **علیہ السلام** نے بھی اپنے اشعار میں ''انا ابن عبدالمطلب''، میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں، کہا ہے۔ کیا خوبصورت نسبتیں ہیں جو مولیٰ علی **علیہ السلام** کو نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** سے حاصل ہیں۔

حارث عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے بڑے اور عبداللہ **رضی اللہ عنہ** سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ ۸ سال تک نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** کے زیرِ کفالت رہے۔ مصطفیٰ **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** جانِ عبدالمطلب **رضی اللہ عنہ** تھے۔ عبدالمطلب، حسنین اور عباسِ علمدار کے دادا، ابوطالب **علیہم السلام** کے والد تھے۔ ابوطالب **علیہ السلام** نے اپنے والد کی خواہش اور حکم پر 42 سال محمد **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کی کفالت اور نصرت کی۔

بنی عبدالشمّس کے ۱۲ افراد صلح کی پیشکش لے کر آئے تو امام حسن **علیہ السلام** نے یوں جواب دیا: ہم عبدالمطلب کے بیٹے ہیں، ہم کسی سے نہیں ڈرتے۔ مولیٰ علی **علیہ السلام** نے ضرب لگنے کے بعد جب امام حسن اور امام حسین **علیہما السلام** کو وصیت کی تو یوں آغاز کیا: اے عبدالمطلب کے فرزندو! میرے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** جب حجۃ الوداع پر مکہ تشریف لائے تو بنی عبدالمطلب کے بچوں نے

استقبال کیا، سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بچے کو آگے اور ایک کو پیچھے سوار کرلیا (بخاری)۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ ہجرت کے موقع پر عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے ننھیالی (بنی نجار) مرد وزن و بچے گلیوں میں نکل آئے، چھتوں پر چڑھ گئے اور آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ولادت پر عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اٹھا کر کعبے کی دیوار کیساتھ لگا کر شکرگزاری کے لئے فی البدیہہ اشعار کہے اور کعبہ مولد حیدرِ کرار ہے۔

جنابِ عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت پر ان کو اٹھایا، کعبے کے ساتھ لگا کر اشعار کہے، محبت وشکر گزاری کا اظہار ان الفاظ کے ساتھ کیا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَعْطَانِیْ　　　هَذَاالْغُلَامَ الطَّیِّبَ الْاَرْدَانِ

قَدْ سَادَ فِیْ الْمَهْدِ عَلَی الْغِلْمَانِ　　　اُعِیْذُهٗ بِالْبَیْتِ ذِی الْاَرْکَانِ

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے عطا کیا، یہ بچہ پاک آستینوں والا

یہ بچہ تو پنگھوڑے میں ہی سب بچوں کا سردار ہے، میں اسے بیت اللہ شریف کی پناہ میں دیتا ہوں

حسن اور حسین علیہما السلام ہاشمی شہزادے ہیں۔آپ کے والد بھی ہاشمی، والدہ بھی ہاشمی، دادا، دادی، نانا سب ہاشمی ہیں۔اسد اور عبدالمطلب دونوں ہاشم علیہم السلام کے بیٹے تھے، اسد کی بیٹی فاطمہ اور عبدالمطلب کے بیٹے ابوطالب علیہم السلام تھے۔مولیٰ علی علیہ السلام نجیب الطرفین ہاشمی ہیں۔

فاطمہ بنتِ اسد پہلی ہاشمیہ خاتون ہیں جنھوں نے ہاشمی شہزادے کو جوفِ کعبہ کے اندر جنم دیا۔کعبہ مولدِ حیدرِ کرار ہے اور علی مولودِ کعبہ۔نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولیٰ علی علیہ السلام کی والدہ فاطمہ بنتِ اسد سلام اللہ علیہا کی قبر میں کافی دیر لیٹے رہے، اپنا قمیص کفن کے لئے دیا اور پوچھنے پر کہا: یہ میری ماں کی طرح ہے۔فاطمہ بنتِ اسد حسنین علیہم السلام کی دادی اور جنابِ ابوطالب حسنین علیہم السلام کے دادا ہیں۔ابوطالب ہاشم علیہما السلام کے پوتے اور فاطمہ بنت اسد جنابِ

ہاشم **علیہم السلام** کی پوتی ہیں۔

محمدؐ بن عبداللہؓ بن عبدالمطلبؓ

علیؓ بن ابوطالبؓ بن عبدالمطلبؓ

اناوعلی من شجر واحد

میں اور علی ایک ہی شجر سے ہیں (حدیث)

جنابِ حمزہ **رضی اللہ عنہ** کا شکار سے لوٹنا، لونڈی کے بتانے پر کھانا چھوڑ کر سیدھا کعبے میں جانا، ابوجہل کا سر ڈھال سے زخمی کر دینا، عشق ہی تھا۔ حمزہ **رضی اللہ عنہ** کا قبولِ اسلام، غزوہ بدر میں علمداری، جرات وولولہ، جذبۂ فدا کاری، احد میں آپ کی مظلومانہ شہادت، نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا مغموم ہونا، عشق ہی تھا۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کا حمزہ **علیہ السلام** کی نمازِ جنازہ متعدد بار پڑھانا، مغموم ہونا، اور ہفتے میں ایک بار باقاعدگی سے شہدائے احد کی قبروں پر جانا، عشق ہی تو تھا۔

عبیدہ بن الحارث **رضی اللہ عنہ**، ابن عم رسول **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** ہیں، بدر کے پہلے شہید، زخمی ہوکر نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** کے پاس آکر پوچھتے ہیں کہ کیا میں ابوطالب **رضی اللہ عنہ** کے ان اشعار (وَ نُسْلِمُهُ حَتّٰى نُصَرَّعَ حَوْلَهُ وَ نُذْهَلَ عَنْ اَبْنَاءِ نَا وَالْحَلَائِلِ، اور ہم اسے تمہارے حوالے کر دیں گے، اس سے پیشتر کہ ہمارے لاشے اس (محمدؐ) کے اردگرد خاک آلود پڑے ہوں اور ہم اپنے بچوں اور اپنی بیویوں کو بھی فراموش کر چکے ہوں) کا مصداق ہو گیا ہوں۔ نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے عبیدہ **رضی اللہ عنہ** کے سوال کے جواب میں فرمایا: ہاں آپ ابوطالب **رضی اللہ عنہ** کے ان اشعار کا مصداق ہو گئے، یہ سن کر عبیدہ **رضی اللہ عنہ** نے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔

نبی **صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم** نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ مجھے خیبر کی فتح کی خوشی زیادہ ہے یا جعفر (طیار) **رضی اللہ عنہ** کے حبشہ سے واپسی پر ملنے کی خوشی زیادہ ہے۔ جعفر اور عباس دونوں ہاشمی

شیر ہیں اور چچا بھتیجا ہیں، دونوں میں حیرت انگیز مماثلت ہے، دونوں علمدارِ لشکر رہے، دونوں شہید ہیں۔ جعفر طیار جنگِ موتہ میں لشکرِ اسلام کے علمدار تھے اور عباس کربلا میں لشکرِ حسینی کے علمدار تھے، دونوں کے بازو قلم ہوئے اور شہید ہوئے۔

عباسِ نامور بھی عجب سج کا ہے جواں
نازاں ہے جس کے دوشِ منور پہ خود نشاں
حمزہ کا رعب صولتِ جعفر علی کی شان
ہاشم کا دل حسین کا بازو حسن کی جاں
